www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



کاش کہ میرے پاس کوئی آلۂ نشر الصوت ہوتا تو میں اپنے وطنِ عزیز کے کوہ و دمن اور میدانوں کہساروں میں چیخ چیخ کر کہتا۔ اے لوگو خدا کے لیے سنبھلو! نوجوان نسل کو موجودہ تعلیم سے بچاؤ۔ یہ عفریت یہ زہرِ ہلاہل۔ یہ تباہی و بربادی اور ابدی حرماں نصیبی۔ بدقسمتی اور ذلت وادبار کی پیغامبر اور تمہاری قومیت کی نسل کشی چمن مصطفوی کے لیے بادِ صرصر ہے۔ تم ابدی موت کی طرف سرپٹ دوڑے جا رہے ہو۔ کشتی بے ناخدا ابھی چٹانوں سے ٹکرائی کہ ٹکرائی۔ اگر کچھ مداوا ہو سکتا ہے تو کر لو۔ ورنہ پھر اس قیامت صغریٰ و کبریٰ کا ظہور ہو گا جس کے بعد ایک عالمگیر تباہی کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا ۔

جاگو دگر نہ حشر نہ ہو گا پھر کبھی!
دوڑو! زمانہ چال قیامت کی چل گیا!

# جواہر پارے

۱۔ من اللہ فاسئل کل امر تریدہ فما یملک الانسان نفعا و لہ ضرا

جس کام کا بھی تو ارادہ کرے پہلے اللہ تعالیٰ سے دعا کر کیونکہ انسان کے قبضے میں نفع پہنچانا ہے نہ ضرر

۲۔ و لا تتواضع للولاۃ فانہم من الکبر فی حال تموج بہم سکرا

حکام کے ساتھ تواضع اور انکساری سے مت پیش آ کیونکہ وہ کبر و نخوت کے نشے میں مست ہوتے ہیں

۳۔ و ایاک ان ترضی بتقبیل راحۃ فقد قیل عنہا انہا السجدۃ الصغری

ان کی دست بوسی سے خوش مت ہو کیونکہ اسی کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ چھوٹا سجدہ ہے۔

(ابن جبیل)

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ